91793 ـ اگر حالت جنابت میں حیض آ جائے تو عورت غسل جنابت کرے گی ؟

سوال

حیض کی حالت میں جنابت سے کس طرح پاك ہو سکتی ہے ؟
اور اگر وہ حالت حیض میں غسل جنابت کرے تو کیا وہ وضوء کر کے تین چلو سر پر ڈال کر اپنی دائیں طرف اور پھر بائیں طرف پانی ڈالے گی، یا کہ صرف وضوء کے بغیر ہی صرف غسل کر لے کیونکہ وہ حائضہ ہے ؟
اور کیا اس طرح اس کی جنابت ختم ہو جائیگی اور صرف حیض باقی رہے گا یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب حائضہ عورت جنبی ہو جائے یعنی اسے احتلام ہو جائے، یا پھر جنابت کی حالت میں حیض آ جائے تو اس کے غسل جنابت کرنا مشروع ہے، اس سے وہ قرآن مجید بغیر چھوئے تلاوت کرنے سے مستفید ہو سکتی ہے، کیونکہ جنبی شخص کو قرآن مجید کی تلاوت کرنا ممنوع ہے، لیکن حائضہ عورت بغیر چھوئے تلاوت کر سکتی ہے.

اس کی مزید تفصیل دیکھنے کے لیے آپ سوال نمبر (2564) اور سوال نمبر (60213) کے جوابات کا مطالعہ ضرور کریں.

اس غسل کا طریقہ بھی باقی مشروع غسل کی طرح ہی ہے، چنانچہ وہ وضوء کے اعضاء پہلے دھوئے اور اپنے سر پر تین چلو پانی ڈال کر پھر اپنی دائیں اور پھر بائیں جانب پانی بہائے، اور پھر سارے بدن پر پانی ڈال لے.

تو اس طرح اس سے جنابت ختم ہو جائیگی، لیکن حیض باقی رہےگا.

ابن قدامہ رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

" اور اگر عورت نے حالت حیض میں غسل جنابت کیا تو اس کا غسل صحیح ہے، اور جنابت کا حکم زائل ہو جائیگا، امام احمد رحمہ اللہ نے یہی بیان کیا اور فرمایا ہے:

جنابت زائل ہو جائیگی، اور خون ختم ہونے تك حیض باقی رہےگا.

ان کا کہنا ہے: میرے علم کے مطابق کسی کا بھی یہ قول نہیں کہ وہ غسل نہ کرے، صرف عطاء رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ وہ غسل نہ کرے، اور ایك روایت میں ان سے بھی مروی ہے کہ وہ غسل کرے " انتہی بتصرف

ديكهيں: مغنى ابن قدامہ (1 / 134).

واللہ اعلم .